بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، گوجرانوالہ

055-3894599

مراسلہ نمبر: 466 ۔رجسٹریشن

مورخہ: 20-08-2026

جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات

ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ

عنوان: **شیڈول ایڈمیشن/رجسٹریشن فرسٹ ایئر (گیارہویں جماعت) برائے تعلیمی سیشن 28-2026**

جملہ متعلقین کی اطلاع کے لئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں داخلہ کیلئے PBCC کے نوٹیفکیشن نمبر SO(Boards)Meetings/PBCC/2026 مورخہ 19-08-2026 کی روشنی میں درج ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔ آن لائن انرولمنٹ پراسس کیلئے ویب سائٹ Active رہے گی لہذا درج ذیل تواریخ کے دوران اپنے اداروں میں داخل طلبا/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن کا پراسس مکمل کرلیا جائے۔

| نمبر شمار | شیڈول | تعلیمی ادارہ جات میں داخلہ، آن لائن رجسٹریشن کرنے، بینک میں فیس جمع کروانے اور بورڈ آفس میں رجسٹریشن ریٹرن (فارورڈنگ لیٹر اور اصل بینک چالان فارم) کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 1۔ | بغیر لیٹ فیس داخلہ جماعت گیارہویں | 21-08-2026 سے 05-10-2026 تک |
| 2- | -/600 روپے جرمانہ کے ساتھ داخلہ (جرمانہ بورڈ کو واجب الادا ہوگا) | 06-10-2026 سے 20-10-2026 تک |
| 3- | رجسٹریشن فیس فی امیدوار | رجسٹریشن فیس+ پروسیسنگ فیس+ سپورٹس فیس+ کالرشپ فیس+ ڈویلپمنٹ فنڈ<br>1000+500+200+150+200 = میزان-/2050روپے |
| 4- | جماعت دہم کا رزلٹ لیٹ شائع ہونے کی صورت میں | میٹرک کا رزلٹ شائع ہونے کے 10 دن کے اندر |

## ضروری ہدایات

مورخہ 20-10-2026 کے بعد کسی بھی ادارہ کو رجسٹریشن کی اجازت نہ ہوگی۔

انرولمنٹ ریٹرن گروپ وائز تیار کریں اور اس پر سختی سے عمل کیا جائے۔ آن لائن رجسٹریشن سے متعلق ضروری رہنمائی اور ہدایات بورڈ ہذا کی ویب سائٹ (www.bisegrw.com) پر دستیاب ہیں۔ رجسٹریشن ریٹرن کا صرف فارورڈنگ لیٹر بورڈ ہذا کی ون ونڈو برانچ میں جمع کروانا/ بذریعہ کوریئر مقررہ تاریخ تک ارسال کرنا ہوگا۔

**نوٹ:** تمام سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ جماعت گیارہویں کی رجسٹریشن کرتے وقت طلبہ/طالبات کی لائیو تصویر اور انگوٹھا بھی دی گئی ہدایات کے مطابق اپلوڈ کریں۔ **نیز** درستگی کوائف اور مضامین کے سلسلہ میں امیدوار کا رجسٹریشن فارم نمبر اور سیشن ضرور تحریر کریں۔

1۔ **انٹرمیڈیٹ پارٹ ا رجسٹریشن سیشن 28-2026 میں داخلہ کی اہلیت:**

(i) ۔حکومت پنجاب کی داخلہ پالیسی کے تحت سالانہ 2021 و مابعد میٹرک پاس طلباء/طالبات کو گیارہویں جماعت میں پہلی بار داخلہ دیا جاسکتا ہے۔

(ii) ۔امتحان میٹرک سالانہ 2026 میں پاس امیدواران۔ (گوجرانوالہ بورڈ اور پنجاب کے دوسرے بورڈز)

(iii) انٹرمیڈیٹ پارٹ ا میں اُردو لازمی کے متبادل مضمون پاکستانی کلچر کو درج ذیل امیدواران اختیار کر سکتے ہیں۔

(ا)۔ میٹرک میں اُردو لازمی کے متبادل مضمون جغرافیہ آف پاکستان اختیار کرنے والے امیدواران

(ب)۔ پاکستانی شہری جو بیرون ملک مقیم ہوں اور انکو 3 سال تک اُردو پڑھنے کی سہولت میسر نہ ہو۔

(ج)۔ غیر ملکی شہری بھی درج بالا شق الف اور ب سے متعلقہ قوانین کے مطابق یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔

(iv) ۔جی سی او لیول کے امیدواران جن کا رزلٹ جنوری 2026 اور جون 2026 میں شائع ہوا ہے۔

(v) امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ ا سالانہ 2026ء کیلئے رولنمبر سلپ جاری ہونے والے اُمیدواران کو ری ایڈمیشن کی اجازت ہوگی۔ البتہ انٹرمیڈیٹ سالانہ 2026ء برائے پارٹ II/ کمپوزٹ اور قبل ازیں کسی بھی انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران موجودہ سیشن میں بطور فریش امیدوار/ری ایڈمیشن کی سہولت حاصل کرنے کے اہل نہ ہونگے۔

2۔ جی سی او لیول کرنے والے امیدواران انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین اسلام آباد (IBCC) سے حاصل کردہ ایکویلنس سرٹیفکیٹ کی بناء پر کالج میں فرسٹ ائیر میں داخلہ حاصل کر سکیں گے۔ پرنسپل صاحبان کو چاہیے کہ ایسے امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی، ایکویلنس سرٹیفکیٹ، مارکس شیٹ، رجسٹریشن فیس کا اصل بینک چالان، مالیاتی فارم اور پرنسپل کے فارورڈنگ لیٹر کے ساتھ شیڈول میں درج تاریخوں میں جمع کروائیں۔ تاخیر کی صورت میں شق نمبر 4 کے تحت جرمانے کے ساتھ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کی جائے گی۔ جو طلباء اور طالبات موجودہ سال 2026ء جی سی او لیول کے امتحان اکتوبر، نومبر میں شرکت کریں گے وہ طلباء و طالبات حکومت پنجاب کے احکامات کے مطابق داخلہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

3۔ 21-08-2026 تا 05-10-2026 سنگل فیس اور مورخہ 06-10-2026 تا 20-10-2026 تک مبلغ -/600 روپے لیٹ فیس فی طلباء/طالبات ہوگی۔ داخل کئے گئے طلباء و طالبات کی آن لائن رجسٹریشن ریٹرن بمعہ مالیاتی فارم وفیس کا اصل بینک چالان دفتر ہذا میں پہنچنا ضروری ہے۔ واضح رہے کہ ایک ادارہ میں داخل شدہ طلباء یا طالبات کی فیس علیحدہ علیحدہ بینک چالان فارم پر جمع کروائی جائے۔ (رجسٹریشن فیس/جرمانہ حبیب بینک بورڈ برانچ یا بورڈ سے منظور شدہ حبیب بینک لمیٹڈ کی کسی بھی برانچ /Easy Paisa/HBL Mobile App میں بحق بورڈ جمع کروانا ہوگی۔ (چیک قابل قبول نہ ہوگا)

4۔ مذکورہ بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن، فارورڈنگ لیٹر و مالیاتی فارم بمعہ فیس کا ثبوت دفتر ہذا میں نہ پہنچنے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد ادارے کو **مبلغ -/200 روپے یومیہ فی بچہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا**۔ واضح رہے کہ یہ جرمانہ پورے ادارے کی ریٹرن اور فیس موصول نہ ہونے کی صورت میں فی طالب علم واجب الادا ہوگا۔ یہ جرمانہ نا قابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس کے بارے میں اپیل کی جا سکے گی۔

5۔ قواعد وضوابط کے مطابق سیکنڈری سکول کے تمام مضامین میں پاس امیدواران گیارہویں جماعت میں داخلہ کے اہل ہیں۔ رجسٹریشن ریٹرن پُر کرنے سے پہلے امیدواران کے رزلٹ انٹرنٹ سے چیک نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ بورڈ سے تصدیق کروائیں تاکہ کوئی امیدوار بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ حاصل نہ کر سکے۔ بوگس رزلٹ کارڈ پر داخلہ دینے والا ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔ اس کے خلاف قانونی کارروائی بھی ہو سکتی ہے۔ اور ادارہ کا الحاق بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔ **رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ دوسرے بورڈز سے میٹرک پاس شدہ امیدواران کے اصل NOC اور رزلٹ کارڈ میٹرک کی تصدیق شدہ فوٹو کاپیاں بھی فراہم کریں ورگنہ رجسٹریشن ریٹرن جمع نہیں ہوگی**

6۔ رجسٹریشن ریٹرن میں طالب علم/طالبہ کے کوائف بمطابق امتحان میٹرک درست طور پر انگریزی کے بڑے حروف (Capital Words) میں درج کریں۔

7۔ آن لائن رجسٹریشن میں طلباء و طالبات کے کوائف (نام، ولدیت وغیرہ) سیکنڈری سکول کے پاس کردہ رزلٹ/سرٹیفکیٹ کے مطابق درج کریں۔ رجسٹریشن ریٹرن میں درج کوائف/مضامین اور دیگر معلومات وغیرہ غلط اندراج کرنے یا اندراج نہ کرنے کی صورت میں ادارے کا سربراہ ذمہ دار ہوگا۔ اور مطلوبہ فیس جمع کروانے کے بعد مکمل کرنا ہوگا۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن فارم کے ہر پرت پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونا ضروری ہے۔ ورنہ رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل دفتر ہذا میں پہنچ کر کرنا ہوگی۔ **رجسٹریشن ریٹرن میں کوائف درج ذیل شیڈول کے مطابق درست کروائے جاسکتے ہیں۔**

8۔ <u>رجسٹریشن ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار:</u> **درج ذیل تمام درستیاں صرف** ONLINE **اپلائی کی جائیں۔**

| | |
|---|---|
| تبدیلی مضمون/مضامین/گروپ کی آخری تاریخ | : 31-12-2026 |
| 1۔ تبدیلی فی مضمون مروجہ فیس مبلغ -/2400 روپے | 2۔ تبدیلی گروپ کی مروجہ فیس مبلغ -/2200 روپے |
| سپیشل فیس کے ساتھ آخری تاریخ | : 01-01-2027 سے نتیجہ کی اشاعت سے قبل تک |
| 1۔ تبدیلی فی مضمون مروجہ فیس مبلغ -/2900 روپے | 2۔ تبدیلی گروپ کی سپیشل فیس مبلغ -/2700 روپے |

## شیڈول درستگی کوائف

| | |
|---|---|
| طلباء و طالبات کے نام، ولدیت کے ہجے (Spelling)، ب فارم نمبر، والد کے شناختی کارڈ نمبر اور درستگی تصویر کی آخری تاریخ (فی درستگی مروجہ فیس -/750 روپے) | مورخہ 31-12-2026 |
| سپیشل فیس کے ساتھ درستگی کی آخری تاریخ: (فی درستگی فیس مبلغ -/1250 روپے) | مورخہ 01-01-2027 سے امتحان شروع ہونے تک |

9۔ ایسے مضمون/مضامین اختیار نہیں کئے جاسکتے جن کا نصاب دستیاب نہ ہو (تاوقتیکہ بورڈ سے پیشگی منظوری نہ لی جائے)

10۔ رجسٹریشن ریٹرن میں شامل نہ کئے جانے والے طلباء/طالبات کو جماعت گیارہویں میں بطور ریگولر امیدواران امتحان میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔

11۔ **NOC کی بنیاد پر داخلہ:۔** دوسرے بورڈز سے جماعت گیارہویں/ بارہویں میں Migrate ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کا داخلہ مائیگریشن کی بنیاد پر NOC جاری ہونے کی تاریخ کے ایک ماہ (30 دن) تک مبلغ-/1000+500+200+150+200 (ٹوٹل-/2050 روپے فی امیدوار) رجسٹریشن فیس کے ساتھ کیا جا سکتا ہے۔مزید 15 یوم تک مبلغ-/500 روپے فی امیدوار جرمانہ کے ساتھ رجسٹریشن کی جا سکتی ہے۔جرمانہ کی یہ رقم بورڈ کو واجب الادا ہوگی اس کے بعد NOC پر داخلہ نہیں کیا جا سکتا۔ادارہ کے سربراہان ایسے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن/ داخلہ مجوزہ رجسٹریشن فیس جمع کروا کر اپنے پورٹل پر 11th Registration کی مینو میں سے Other Board Feeding کی آپشن کا انتخاب کر کے امیدواران کا ڈیٹا فیڈ کریں۔امیدواران کی اہلیت چیک کرنے کے بعد ادارہ جات کے پورٹل پر امیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن فراہم کر دی جائے گی۔دوسرے بورڈز سے جماعت گیارہویں/ بارہویں میں Migrate ہو کر آنے والے طلباء/طالبات کی رجسٹریشن/ داخلہ کالج پورٹل سے ہوگا۔دستی موصول شدہ درخواست پر کسی قسم کا عمل درآمد نہیں کیا جائے گا۔

12۔ **ایسے طلباء و طالبات جو کسی دوسرے کالج میں مائیگریشن کروانا چاہتے ہوں ان کا فارم برائے تبدیلی کالج رجسٹریشن ریٹرن دفتر میں جمع کروانے کے 45 ایام کے بعد منظوری کیلئے ارسال کریں۔**

13۔ **بورڈ کی حدود میں ایک کالج سے دوسرے کالج میں مائیگریشن:۔** PBCC کے فیصلہ مورخہ 20-11-2021 کے تحت ایک ہی تحصیل کے اندر کالج تبدیل کرنے کی صورت میں فیس مبلغ-/4800 روپے اور ایک تحصیل سے دوسری تحصیل میں مائیگریشن کروانے پر فیس مبلغ-/3000 روپے بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہوگی۔

14۔ **بیرون ملک سے آمدہ کیس:۔** بیرون ملک کے کسی گورنمنٹ یا پرائیوٹ منظور شدہ ادارہ سے سرٹیفکیٹ لے کر آنے والے امیدواران اپنے کوائف پاکستانی سفارتخانہ/ منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کے بعد دوران سال/ امتحان کے انعقاد سے 30 یوم قبل تک کسی بھی وقت داخلہ لے سکتے ہیں۔تاہم ترسیل ریٹرن کی دیگر شرائط جرمانہ درج بالا شق نمبر 10 کے مطابق ہوگی۔

15۔ **<u>سربراہ ادارہ جات کے لئے ضروری ہدایت:</u>** اداروں پر لازم ہوگا کہ آن لائن رجسٹریشن کا صرف فارورڈنگ لیٹر و فیس بنک چالان بورڈ کی ون ونڈو آپریشن برانچ میں شیڈول میں درج تواریخ کے مطابق جمع کروائیں۔بصورت دیگر شیڈول کی شق نمبر 4 کے تحت جرمانے عائد ہوگا۔

**1۔فارورڈنگ لیٹر 2۔اصل چالان فارم**

**مزید معلومات کیلئے رجسٹریشن (آن لائن) برانچ ٹیلی فون نمبرز: 055-3894599 اور 055-9200751-755 ایکسٹینشن 120 پر رابطہ کریں۔یا بورڈ کی ویب سائٹ www.bisegrw.com وزٹ کریں۔**

ویب سائٹ/ آن لائن رجسٹریشن بارے کسی بھی پرابلم کی صورت میں کمپیوٹر سیل کے اس نمبر 055-3894611 یا 055-9201213 پر رابطہ کریں۔

**(پروفیسر رشید احمد بھٹی)**

سیکرٹری

<u>کاپی برائے اطلاع:</u>

1۔ جناب ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) گوجرانوالہ ڈویژن، گوجرانوالہ
2۔ جناب ڈپٹی ڈائریکٹر (کالجز) گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور نارووال
3۔ جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد، سیالکوٹ، منڈی بہاؤالدین اور نارووال
4۔ جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میرپور (آزاد جموں و کشمیر بورڈ)
5۔ جملہ سربراہان ادارہ جات ملحقہ گوجرانوالہ بورڈ
6۔ جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، گوجرانوالہ برائے اشاعت قومی و مقامی اخبارات
7۔ جملہ برانچ افسران بورڈ ہذا
8۔ جملہ سپرنٹنڈنٹ صاحبان بورڈ ہذا
9۔ سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)